بلوچستان صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ

نمبر = ص ا ب /س/۲/۸/۲۰۱۸ مورخہ۱۸/فروری ۲۰۱۹

بخدمت = جناب چیف سیکرٹری،
حکومت، بلوچستان، کوئٹہ۔

موضوع = مشترکہ قرارداد نمبر ۳۵

بلوچستان صوبائی اسمبلی کے منعقدہ اجلاس مورخہ ۱۴/ فروری ۲۰۱۹ میں ذیل منظور شدہ مشترکہ قرارداد نمبر۳۵ منجانب حاجی اصغرعلی ترین، جناب نصراللہ خان زیرے اراکین اسمبلی برائے اطلاع وکارروائی لازمہ ارسال خدمت ہے

مشترکہ قرارداد

ہرگاہ کہ حج اسلام کا اہم رُکن ہے اور ہر مسلمان کی دلی خواہش ہوتی ہے کہ وہ حج بیت اللہ کی سعادت حاصل کر سکے مگر وفاقی حکومت نے حج پالیسی 2019 کے مطابق حج اخراجات میں فی کس ایک لاکھ 56 ہزار روپے کا اضافہ کردیا ہے جس سے مسلمانوں کے محبت وعقیدت کا مرکز ومحور بیت اللہ اور مسجد نبوی ﷺ کے حاضری کے خواہش مند مرد وخواتین کیلئے مشکلات پیدا ہوگئی ہیں جبکہ حج اخراجات میں مجموعی طور پر 63 فیصد اضافے سے اب عام آدمی کیلئے حج کرنا ناممکن ہوگیا ہے۔

لہذا یہ ایوان صوبائی حکومت سے سفارش کرتا ہے کہ وہ وہ وفاقی حکومت سے رجوع کرے کہ وہ حج پالیسی 2019 پر نظرثانی کرتے ہوئے حجاج کرام کیلئے سبسیڈی بحال کرنے کے ساتھ ساتھ حج اخراجات میں اضافہ واپس لے تاکہ متوسط طبقے کے لوگ بھی حج کی سعادت حاصل کرسکیں۔

(شمس الدین)

معتمد،

نقل برائے اطلاع وضروری کارروئی مرسل ہوئے بخدمت:۔

۱) جناب حاجی اصغرعلی ترین، جناب نصراللہ خان زیرے، اراکین **اسمبلی/محرکین قرارداد۔**
۲) جناب سیکرٹری قومی اسمبلی، پاکستان، اسلام آباد۔
۳) جناب سیکرٹری سینٹ، سینٹ سیکرٹریٹ پاکستان، اسلام آبا
۴) جناب پرنسل سیکرٹری پریزیڈنٹ سیکرٹریٹ، (پبلک) ایوان صدر، اسلام آباد۔
۵) جناب پرنسپل سیکرٹری برائے وزیراعظم پاکستان، وزیراعظم سیکرٹریٹ، اسلام آباد۔
۶) جناب سیکرٹری وزارت مذہبی امور، حکومت، پاکستان، اسلام آباد
۷) جناب پرنسپل سیکرٹری برائے وزیراعلیٰ، حکومت بلوچستان، کوئٹہ۔
۸) جناب سیکرٹری محکمہ مذہبی اموروحج واوقاف، حکومت، بلوچستان، کوئٹہ۔
۹) جناب سیکرٹری محکمہ قانون وپارلیمانی امور، حکومت بلوچستان، کوئٹہ۔
۱۰) جناب سیکرٹری، صوبائی اسمبلی، پنجاب، لاہور۔ سندھ، کراچی۔ خیبر پختونخوا، پشاور۔ قانون سازاسمبلی آزادجموں کشمیر، مظفرآباد۔ قانون سازاسمبلی گلگت اسمبلی، گلگت بلتستان۔

〈قادر بخش شاہوانی〉
نائب معتمد، (سوالات)